SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
June 6, 2016
For immediate release

انضباطی قواعد کی خلاف ورزی: ایس ای سی پی نے چوراسی کمپنیوں کے اظہارِ وجوہ کی کارروائیاں نمٹادیں

اسلام آباد: (جون ۶) سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے کمپنیز آرڈیننس مجریہ ۱۹۸۴ء اور دیگر انضباطی قواعد کی خلاف ورزی کرنے پر چوراسی کمپنیوں کے آڈیٹرز اور ڈائریکٹر کو اظہارِ وجوہ کے نوٹس جاری کرتے ہوئے انضباطی کارروائی کا آغاز کیا اور مئی کے ماہ دوران انہیں نمٹادیا۔ اس کے علاوہ آرڈیننس کی خلاف ورزی پر آڈیٹرز اور کمپنیوں کو ۱۴ نئے نوٹس جاری کردئے۔

ایس ای سی پی کے کارپوریٹ سپرویژن ڈیپارٹمنٹ نے دستوری آڈیٹرز کی جانب سے کئے گئے آڈٹ کے معیار پر توجہ مرکوز کرنے کی حکمت عملی پر خصوصی توجہ دی اور آڈیٹرز کے خلاف چار کارروائیاں انجام تک پہنچائی جبکہ دو نئی کارروائیوں کا آغاز کیا گیا اور دو غیر فعال کمپنیوں اور پانچ کمپنیوں کی انتظامیہ کے خلاف بھی کارروائی کی گئی۔ اسی طرح آٹھ کمپنیوں کے خلاف اپنی ویب سائٹ پر ضروری معلومات فراہم نہ کرنے پر بھی ایکشن لیا گیا۔ دو کمپنیوں کے خلاف دفعہ ۲۳۱ اور ۲۶۵ کے تحت تحقیقات بھی پایۂ تکمیل تک پہنچائی۔

Media and Corporate Communications Department
Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
Cell: +92 300-9882237
Email: sajid.gondal@secp.gov.pk
www.secp.gov.pk